وفات کا اندراج کیسے کرائیں؟

OXFORDSHIRE
COUNTY COUNCIL
www.oxfordshire.gov.uk

رجسٹریشن آفسز کے جائے وقوع

ابنگڈن (Abingdon)	Roysse Court, Bridge Street
بن بری (Banbury)	Bodicote House, Bodicote
بائی سیسٹر (Bicester)	The Garth, Launton Road
ڈڈکاٹ (Didcot)	197 Broadway
ہین لی (Henley)	Regatta Court, Northfield End
اوکسفرڈ (Oxford)	1 Tidmarsh Lane
اوکسفرڈ (Oxford)	John Radcliffe Hospital
وانٹی گ (Wantage)	Civic Centre, Portway
وٹنی (Witney)	Council Offices, Woodgreen

اوکسفرڈ رجسٹر آفس دوشنبه سے جمعرات تک صبح 9 بجے سے شام 4:30 بجے کے دوران کھلا رہتا ہے۔ دوسرے دفاتر میں رجسٹرار کی موجودگی معلوم کرنے کے لئے، یا کوئی معلومات اور مشورہ حاصل کرنے کے لئے براہ کرم **0845 129 5900** پر فون کریں۔ بصورت دیگر آپ آن لائن اپنی ملاقات کا وقت بذات خود متعین کرنے کو ترجیح دے سکتے ہیں۔ پته یه ہے *www.oxfordshire.gov.uk* اور deaths۔

آپ کی درخواست پر اس مطبوعہ مواد کی متبادل شکلیں بھی فراہم کی جا سکتی ہیں۔
ان متبادل شکلوں میں دیگر زبانیں، بڑے پرنٹ، بریل، آڈیو کیسٹ، اور کمپیوٹر ڈسک یا ای میل شامل ہیں۔ براہ کرم 0845 129 5900 پر فون کریں۔

100٪ بازاستعمال شدہ ورق
سبزیوں سے بنی ہوئی روشنائیوں سے چھپا ہوا

بذریعہ: اوکسفرڈ شائر کاؤنٹی کونسل کی ڈیزائن اور پرنٹ اکائی
ڈیزائن اور پرنٹنگ سے متعلق آپ کی تمام ضرورتوں کے لئے ایک تیز اور مناسب خدمت
ٹیلی فون: 5672 81 (01865)، ● فیکس: 204309 (01865)
C12 6-04 (06/07)

وفات کا اندراج

وفات کا اندراج 5 دن کے اندر ہونا چاہئے مگر یہ کہ محکمہ تفتیش کی رپورٹ کا انتظار ہو۔ اگر آپ کسی ایسے شخص کی وفات کا اندراج کرا رہے ہیں جس کی وفات اوکسفرڈ شائر میں واقع ہوئی ہے تو آپ کو کاؤنٹی میں موجود کسی رجسٹریشن آفس میں تشریف لانا ہوگا۔ آپ اپنی سہولتوں کے مطابق کسی بھی آفس میں تشریف لا سکتے ہیں۔ (ورقچہ کی پشت پر تفصیلات ملاحظہ فرمائیں۔)

وقت کے تعین کے لئے آپ کو سب سے پہلے ہیلپ ڈیسک کو کال کرنی ہوگی۔ ہیلپ ڈیسک کا نمبر یہ ہے **0845 129 5900**۔ ہیلپ ڈیسک پر موجود عملہ آپ کی ملاقات کا بندوبست کرے گا، وہ آپ کو یہ بتائے گا کہ آپ کو اپنے ساتھ کون کون سی ضروری چیزیں لانی ہیں، نیز وہ آپ کے تمام سوالات کا جواب دے گا اور اگر آپ کے ساتھ کوئی مشکل ہے تو اس کو دور کرنے میں وہ آپ کی مدد کرے گا۔

آپ آن لائن اپنی ملاقات کا وقت طے کرنے کو ترجیح دے سکتے ہیں۔ پتہ یہ ہے:
www.oxfordshire.gov.uk - deaths

اگر وفات اوکسفرڈ ریڈ کلف کے کسی اسپتال میں ہوئی ہے تو بریومینٹ آفسز ملاقات کا وقت طے کرا سکتی ہیں تا کہ آپ جون ریڈ کلف ہسپتال میں وفات کا اندراج کرا سکیں۔

وفات کا اندراج کون لوگ کرا سکتے ہیں؟

متوفی کا کوئی رشتہ دار۔

اگر کوئی رشتہ دار موجود نہ ہو، تب کن لوگوں کے لئے وفات کا اندراج کرانا ممکن ہوگا؟

- وہ شخص جو وفات کے وقت موجود تھا
- اس مکان میں رہنے والے لوگ جہاں موت واقع ہوئی ہے
- وہ شخص جو تجہیز و تکفین کا انتظام کر رہا ہے۔

رجسٹرار متوفی سے متعلق کس طرح کی معلومات دریافت کرے گا؟

- تاریخ و جائے وفات
- ان کا پورا نام اور کوئی دوسرا نام جن سے وہ معروف تھے (ایک شادی شدہ عورت کا پہلا نام)
- ان کی تاریخ اور جائے پیدائش
- ان کا پیشہ (شادی شدہ، بیوہ یا سول پارٹنر ہونے کی صورت میں ان کے شوہروں یا سول پارٹنر کا پورا نام اور پیشہ)
- ان کا عمومی پتہ
- کیا ان کو حکومت کی جانب سے کوئی پنشن ملتی تھی؟ (حوالہ نمبر اگر معلوم ہو)
- زندہ شریک / شریکہ حیات یا سول پارٹنر کی تاریخ پیدائش
- ان کا NHS نمبر یا میڈیکل کارڈ، اگر موجود ہو۔

اگر بالفرض میرے پاس مطلوبہ معلومات نہ ہوں تب کیا ہوگا؟

آپ کو مطلوبہ معلومات اپنے بہتر معلومات اور یقین کی بنیاد پر دینی چاہئے۔ اگر آپ کے پاس یہ ساری معلومات نہیں ہیں تو براہ کرم ملاقات کے وقت کا تعین کے لئے کی گئی کال کے وقت اس کی وضاحت کریں، آپ کو اس ضمن میں صلاح دی جائے گی۔

ملاقات کے لئے کتنا وقت درکار ہے؟

رجسٹرار کے ساتھ ملاقات میں کوئی 30 منٹ لگیں گے۔

کس طرح کی اسناد جاری کی جائیں گی؟

- تدفین یا جلانے کے لئے ایک سند (جس کو ہرے فارم کے نام سے جانا جاتا ہے) اور تجہیز و تکفین کا ڈائرکٹر اس کا مطالبہ کرے گا۔
- منفعت ایجنسی کے لئے ایک سند (آپ کو لازمی طور پر اسے پر کر کے بھیجنا ہوگا تا کہ متوفی کو حکومت کی جانب سے ملنے والی پنشن اور دیگر منفعتوں کو بند کیا جا سکے)
- اسناد وفات – دیگر مقاصد کے لئے آپ کو وفات ریکارڈ کی مصدقہ نقول کی ضرورت پڑ سکتی ہے (متوفی کی وصیت، وصیت نامہ کی مصدقہ نقل، بنک کھاتہ اور بیمہ کے مسائل کو حل کرنے کے لئے)۔ ان اسناد کے لئے معمولی فیس لی جاتی ہے۔

اگر کوئی تفتیش ہونی ہے تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

محکمہ تفتیش کا افسر اس بابت آپ کو بتائے گا۔

اگر حادثہء وفات کی تفتیش ہونی ہے تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

محکمہ تفتیش کا افسر اس بابت آپ کو بتائے گا۔

اگر میں وفات کے اندراج کے لئے اکسفورڈ شائر کے رجسٹریشن آفس نہ پہنچ سکوں تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

آپ ہیلپ ڈیسک کو **0845 129 5900** پر کال کریں وہ لوگ آپ کی رہنمائی کریں گے۔

اس ورقچہ کا مقصد صرف عمومی رہنمائی فراہم کرنا ہے اور یہ قانون کا کوئی مکمل بیان نہیں ہے۔

تبصرے اور شکایات

ہم آپ کے منفی یا مثبت ہر طرح کے تبصروں کا خیر مقدم کرتے ہیں، اور جب کبھی ممکن ہو ہم ان تبصروں کا استعمال اپنی خدمات میں بہتری لانے کے لئے کرتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس کوئی تبصرہ یا شکایت ہے تو براہ کرم ذیل پتہ پر رابطہ کریں:

The Superintendent Registrar, Oxford Register Office, 1 Tidmarsh Lane, Oxford, OX1 1NS یا اس پتہ پر ای میل کریں: *registeroffice@oxfordshire.gov.uk*